ٹاون میونسپل کارپوریشن ۔ نیو کراچی

شعبہ اطلاعات وتعلقات عامہ

Email:aqeelakhtartmc@gmail.com

پریس ریلیز

نیو کراچی ٹاون ترقی کے سفر کے ساتھ تعلیمی میدان میں بھی آگے۔
منتخب بلدیاتی نمائندوں کی کاوشیں، طلباء وطالبات کا اعتماد بحال۔
نیو کراچی ٹاون کے سرکاری بلدیاتی اسکولوں کے بچوں کی امتحانات میں نمایاں کامیابی۔
تعلیمی اسٹینڈنگ کمیٹی نیو کراچی ٹاون کی چیئرمین شگفتہ انیس کی کمیٹی اراکین کے ہمراہ ٹاون چیئرمین محمد یوسف سے ملاقات۔
بلدیاتی اسکولوں میں تعلیم کے معیار کو بہتر کرنے میں تعلیمی کمیٹی کی کوششیں قابل تعریف ہیں۔ چیئرمین نیو کراچی ٹاون محمد یوسف

مورخہ: 11/ نومبر 2024ء

کراچی ( ) نیو کراچی ٹاون ترقی کے سفر کے ساتھ تعلیمی میدان میں بھی آگے۔ منتخب بلدیاتی نمائندوں کی کاوشیں، طلباء وطالبات کا اعتماد بحال۔ نیو کراچی ٹاون کے سرکاری بلدیاتی اسکولوں کے بچوں کی امتحانات میں نمایاں کامیابی۔ تعلیمی اسٹینڈنگ کمیٹی نیو کراچی ٹاون کی چیئرمین شگفتہ انیس کی کمیٹی اراکین کے ہمراہ ٹاون چیئرمین محمد یوسف سے ملاقات۔ اس موقع پر تعلیمی کمیٹی کے ممبران نصرت جہاں، طلعت عمران، عمران فقیر، خواتین کونسلرز کے ساتھ ٹی کونسل کی ممبر تنویر آمنہ بھی موجود تھیں۔ چیئرمین نیو کراچی ٹاون محمد یوسف نے اسٹینڈنگ کمیٹی برائے تعلیم نیو کراچی ٹاون کی چیئرمین شگفتہ انیس و دیگر ممبران سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ نیو کراچی ٹاون کے بلدیاتی اسکولوں میں طلباء وطالبات کی کارکردگی قابل تعریف ہے، ہمیں فخر ہے کہ نیو کراچی ٹاون کے سرکاری بلدیاتی اسکولوں کے طلباء وطالبات نے میٹرک کے امتحانات میں اول پوزیشن حاصل کی ہے ان کی کامیابی کا سہرا فرض شناس اور محنتی اساتذہ کے ساتھ تعلیمی اسٹینڈنگ کمیٹی نیو کراچی ٹاون کو جاتا ہے کیونکہ اسٹینڈنگ کمیٹی نے تعلیمی معیار کی بہتری اور بلدیاتی اسکولوں میں مسائل کے حل کے لئے اقدامات کیے ہیں، جسکی کی وجہ سے اساتذہ اور طلباء وطالبات میں جوش و جذبہ پیدا ہوا جسکی بدولت پہلی مرتبہ الحمداللہ نیو کراچی ٹاون کے سرکاری بلدیاتی اسکولوں کے طالب علموں نے اول پوزیشن حاصل کی ہے۔ چیئرمین نے کہا کہ گزشتہ ادوار میں بلدیاتی اسکولوں پر کوئی توجہ نہیں تھی اور لاوارث سمجھ کر چھوڑ دیا گیا تھا جس کی وجہ سے اسکول کی عمارتیں خستہ حالی کا شکار تھیں اور اسکولوں میں طلباء وطالبات کے لئے فرنیچر سمیت کوئی سہولت موجود نہیں تھی، الحمداللہ جماعت اسلامی کے نمائندوں نے منتخب ہونے کے فوراً بعد ہی تعلیم کے معیار کی بہتری کے لئے اقدامات کئے اس سلسلے میں تعلیمی کمیٹی کی تشکیل عمل میں لائی گئی کمیٹی نے تمام اسکولوں کا دورہ کیا اور وہاں پر موجود مسائل سے آگاہی فراہم کی جس کے بعد بلدیاتی اسکولوں میں تزین و آرائش کا عمل شروع کیا گیا اور ضرورت کے مطابق فرنیچر کی فراہمی کو یقینی بنایا گیا آج الحمداللہ اسکولوں کی حالت بہتر ہے اور طلباء وطالبات کے ساتھ والدین کا اعتماد بھی بحال ہوا ہے اب والدین پرائیویٹ اسکولوں کے بجائے بلدیاتی سرکاری اسکولوں میں بچوں کو داخل کرا رہے ہیں یہ منتخب نمائندوں کی بڑی جیت ہے اور انشاءاللہ آگے بھی تعلیمی کمیٹی اور اساتذہ سے مشاورت کے ساتھ اسکولوں میں انقلابی اقدامات کریں گے۔ اس موقع پر تعلیمی کمیٹی کی چیئرمین شگفتہ انیس نے چیئرمین محمد یوسف کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ بلدیاتی اسکولوں میں موجود مسائل سے آگاہی پر چیئرمین نے ترجیحی بنیادوں پر ان مسائل کو حل کیا، جس کے لئے مفت کتابوں کی فراہمی کے ساتھ اسکولوں میں فرنیچر کی فراہمی کو یقینی بنایا تعلیمی معیار کی بہتری کے لئے اساتذہ کے لئے تربیتی پروگرام تشکیل دیئے اور تعلیمی معاملات میں کسی بھی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا، اس موقع پر چیئرمین تعلیمی کمیٹی شگفتہ انیس نے کہا کہ ہم اساتذہ کے بھی شکر گزار ہیں جنہوں نے ہماری ٹیم کے ساتھ مکمل تعاون کیا اور اساتذہ کی محنت اور لگن کی وجہ سے نیو کراچی ٹاون کے اسکول کے بچوں نے کراچی بھر میں نمایاں کامیابی حاصل کی ہے یہ قابل فخر ہے اور آئندہ بھی چیئرمین نیو کراچی ٹاون محمد یوسف کی سربراہی میں تعلیم کی بہتری کے لئے اقدامات کرتے رہیں گے۔

جاری کردہ:۔

عقیل اختر
پبلک ریلیشن آفیسر
نیو کراچی ٹاون